**H.S.S.C. (Part-II) A / 2023**

Roll No __________ to be filled in by the candidate **(For all Sessions)**

گروپ - I

## اردو لازمی (انشائیہ)

وقت: 2:30 گھنٹے — کل نمبر: 80

### حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+8=10)

یہ پہلا سبق تھا کتابِ ہُدیٰ کا — وہی دوست ہے خالقِ دوسرا کا

کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا — خلائق سے ہے جس کو رشتہ وِلا کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے۔ اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+3+3+3=10)

اُداسی، بے دلی، آشفتہ حالی میں کمی کب تھی — علائق سے ہوں بیگانہ ولیکن اے دلِ غمگیں

ہماری زندگی یارو ہماری زندگی کب تھی — تجھے کچھ یاد تو ہو گا کسی سے دوستی کب تھی

حیاتِ چند روزہ بھی حیاتِ جاوداں نکلی

جو کام آئی جہاں کے وہ متاعِ عارضی کب تھی

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) قادسیہ کی جنگ میں ایرانیوں کو اپنے زبردست لشکر کے باوجود اِس لیے شکست ہوئی کہ اُنھوں نے اپنی طاقت سے زیادہ رستم کی شخصیت سے اُمیدیں وابستہ کیں۔ رستم مارا گیا تو مٹھی بھر جماعت کے مقابلے سے بھاگ نکلے لیکن اِس کے برعکس مسلمانوں کے سپہ سالار سعد بن وقاص گھوڑے پر چڑھنے کے قابل نہ تھے اور اُنھیں میدان سے الگ ایک طرف بیٹھنا پڑا۔ لیکن مسلمانوں کی خود اعتمادی کا یہ عالم تھا کہ اُنھیں اپنے سپہ سالار کی عدم موجودگی کا احساس تک بھی نہ تھا۔

(ب) بہت زمانے تک مواصلات یا پیغام رسانی کا کام کبوتروں سے بھی کیا گیا۔ خط اُس کی گردن یا اُس کے بازو میں باندھ دیا جاتا اور وہ اُسے منزل مقصود پر پہنچا دیتا اُن کے ذریعے سے سینکڑوں سال تک پیغام رسانی ہوئی۔ اُنھیں پہلی بار کس نے استعمال کیا۔ اِس کا تو علم نہیں مگر یہ بات تاریخ کی کتابوں میں بہ کثرت موجود ہے کہ مسلمان حکمرانوں نے اُنھیں پورے بلادِ اسلامیہ میں استعمال کیا ہے۔ شام، عراق، مصر اور ایران وغیرہ میں۔ ہندوستان کے مغل فرماں روا جہانگیر نے بھی اِس کام کے لیے کبوتر پال رکھے تھے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے، مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (9+1= 10)

(الف) پہلی فتح (ب) ہوائی

5۔ حفیظ تائب کی نظم "نعت" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (05)

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) ماحولیاتی آلودگی (ii) عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی (iii) اتحادِ عالمِ اسلام

7۔ دوست کے نام خط لکھ کر ایک تاریخی مقام کی سیر کا احوال بیان کیجیے۔ (10)